# Byco Petroleum Pakistan Limited

## Notice of 21st Annual General Meeting

Notice is hereby given that the 21st Annual General Meeting of Byco Petroleum Pakistan Limited will be held on Thursday, 29th October 2015 at 8:30 am at Beach Luxury Hotel, Karachi, to transact the following ordinary business:

1. To confirm the minutes of the 20th Annual General Meeting of the Company held on 19th January 2015.
2. To receive, consider and adopt the audited separate and consolidated financial statements for the financial year ended 30th June 2015, together with the directors' and auditors' reports thereon.
3. To re-appoint the auditors for the financial year 2015-16 and to fix their remuneration.

Shahana Ahmed Ali
Group Head Legal & Company Secretary

17th September 2015
Karachi

**NOTES:**

**Book Closure**
The register of members and the share transfer books of the Company will remain closed from Thursday, 22nd October 2015 until Thursday, 29th October 2015.

**Participation in the Meeting**
Only persons whose names appear in the register of members of the Company as on Wednesday, 21st October 2015, are entitled to attend, participate in, and vote at the Meeting. A member entitled to attend and vote may appoint another member as proxy to attend and vote on their behalf. Proxies must be received at the registered office of the Company not less than 48 hours before the time for holding the Meeting. A form of proxy is included in the Annual Report.

**Notice to Members Who Have Not Provided CNIC Copies**
As directed by the SECP through its Circular No. EMD/D-II/Misc./2009-1342 of 4th April 2013, dividend warrants cannot be issued without valid CNICs. Through the Company's letter of 4th April 2014, members were advised to submit copies of their valid CNICs. In the absence of a member's valid CNIC, the Company will be constrained to withhold dispatch of dividend to such members. Those members who hold shares certificates and have not yet submitted their valid CNICs, are once again advised to submit attested copies of their valid CNIC along with their folio numbers to the Company's Share Registrar, Messrs FAMCO Associates (Private) Limited, 8F, Block 6, P.E.C.H.S., Nursery next to Hotel Faran, Shahrah-e-Faisal, Karachi.

**Audited Financial Statements Through Email**
Pursuant to SRO No. 787(1)2014, dated 8th September 2014, the SECP has allowed circulation of Audited Financial Statements along with the Notice of the Annual General Meeting to the members via email. Therefore, all members who wish to receive a soft copy of Annual Report may send their email addresses to the Company Secretary. A consent form for electronic transmission may be downloaded from the Company's website: www.byco.com.pk. A hard copy of the Audited Financial Statements will be provided to members on request, free of cost, within seven days.

**Change of Address and Non-Deduction of Zakat Declaration Form**
Members holding share certificates should notify any change in their registered address and, if applicable, submit their non-deduction of Zakat Declaration Form to the Company's Shares Registrar. Members holding shares in CDC / Participants accounts are also requested to update their addresses and, if applicable, submit their non-deduction of Zakat Declaration Form to CDC or their Participants / Stock Brokers.

**Guidelines for CDC Account Holders:**
CDC account holders should comply with the following guidelines of the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP):

A **For Attendance at the Meeting**

(a) Individuals should be account holder(s) or sub-account holder(s) and their registration details should be uploaded as per CDC regulations and they must establish their identity by presenting their original Computerized National Identity Card (CNIC) or passport at the time of the Meeting.

(b) Corporate entities should at the time of the Meeting, unless provided earlier, produce a certified copy of a resolution of the Board of Directors, or a Power of Attorney bearing the specimen signature of the attorney.

B **For Appointing Proxies**

(a) Individuals should be account holder(s) or sub-account holder(s) whose registration details should be uploaded as per CDC regulations and their proxy forms must be submitted at the registered office of the Company not less than 48 hours before the time for holding the Meeting.

(b) The proxy form must be attested by two persons whose names, addresses, and CNIC numbers must be mentioned therein.

(c) Attested copies of the CNIC or passport of the beneficial owner and proxy must be furnished along with the form of proxy.

(d) Proxies must produce their original CNIC or passport at the time of the Meeting.

(e) Corporate entities should at the time of the Meeting, unless provided earlier, produce a certified copy of a resolution of the Board of Directors, or a Power of Attorney bearing the specimen signature of the attorney.

byco

# بائیکو پیٹرولیم پاکستان لمیٹڈ

## اطلاع برائے اکیسواں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ بائیکو پیٹرولیم پاکستان لمیٹڈ کا اکیسواں سالانہ اجلاسِ عام بروز جمعرات مورخہ 29 اکتوبر 2015ء بوقت صبح 8:30 پر بمقام پی سی لگژری ہوٹل، کراچی میں درج ذیل اُمور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا:

**عمومی کارروائی:**

1- 19 جنوری 2015ء کو منعقدہ کمپنی کے غیر معمولی اجلاسِ عام کی کارروائی کی توثیق۔

2- 30 جون 2015ء کو اختتام پذیر ہونے والے مالی سال کے لئے علیحدہ سے آڈٹڈ اور مکمل مالی گوشواروں مع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کو وصول کرنا، اُس پر غور وخوض کرنا اور اُنہیں اختیار کرنا؛ اور

3- مالی سال 16-2015ء کے لئے آڈیٹرز کی تقرری اور اُن کی تنخواہ مقرر کرنا۔

شاہانہ احمد علی
گروپ ہیڈ لیگل اینڈ کمپنی سیکریٹری

17 ستمبر 2015ء
کراچی

**اہم:**

**بک کلوزر**

اراکین کا رجسٹر اور کمپنی کی شیئرز ٹرانسفر بکس جمعرات 22 اکتوبر 2015ء تا جمعرات 29 اکتوبر 2015ء بند رہیں گی۔

**میٹنگ میں شرکت**

وہ افراد جن کے نام کمپنی کے اراکین کے رجسٹر میں بدھ 21 اکتوبر 2015ء کے دن تک درج ہیں صرف وہی سالانہ اجلاسِ عام میں حاضری، شرکت اور ووٹ دینے کے اہل ہوں گے۔ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل کوئی بھی رُکن کسی دوسرے رُکن کو شریک ہونے اور ووٹ دینے کے لئے اپنا نمائندہ مقرر کر سکتا ہے۔ نمائندگی اجلاسِ عام کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں وصول ہو جانی چاہیے۔ پروکسی فارم سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک ہے۔

**ان اراکین کے لئے اطلاع جنہوں نے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقول فراہم نہیں کیں**

جیسا کہ مورخہ 4 اپریل 2013ء کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے سرکلر نمبر EMD/D-II/Misc./2009-1342 کے ذریعے ہدایت کی گئی ہے کہ دُرست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے بغیر ڈیویڈنڈ وارنٹس جاری نہیں کیے جائیں گے۔ کمپنی کے خط بتاریخ 4 اپریل 2014ء کے ذریعے اراکین کو دُرست کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی نقول جمع کروانے کی ہدایت کی گئی تھی۔ اراکین کی دُرست شناختی کارڈ کی نقول کی عدم موجودگی میں کمپنی ایسے اراکین کو ڈیویڈنڈ ارسال نہ کرنے پر مجبور ہوگی۔ وہ اراکین جن کے پاس شیئرز سرٹیفکیٹس موجود ہوں لیکن دُرست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقول جمع نہ کروائی ہوں اُن کو ایک بار پھر ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے فولیو نمبرز کے ساتھ تصدیق شدہ دُرست کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی نقول بھی کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، 8 ایف، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، نرسری نزد ہوٹل فاران، شاہراہِ فیصل، کراچی میں جمع کروا دیں۔

**ای میل کے ذریعے آڈٹڈ فنانشل اسٹیٹمنٹس**

ایس آر او نمبر 787(1)2014 بتاریخ 8 ستمبر 2014 کے مطابق سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اجازت دی ہے کہ سالانہ اجلاس عام کی اطلاع کے ساتھ آڈٹڈ مالی گوشوارے بھی بذریعہ ای میل اراکین میں تقسیم کیے جائیں۔ لہٰذا وہ تمام اراکین جو سالانہ رپورٹ کی سوفٹ کاپی حاصل کرنا چاہتے ہیں اپنے ای میل ایڈریس کمپنی سیکریٹری کو بھیج دیں۔ الیکٹرونک ٹرانسمیشن کے لئے اجازت نامہ کمپنی کی ویب سائٹ www.byco.com.pk سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ آڈٹڈ مالی گوشوارے کی ہارڈ کاپی اراکین کی درخواست پر سات (7) دن کے اندر اندر مفت فراہم کی جائے گی۔

**پتے میں تبدیلی اور زکوٰۃ کٹوتی سے استثنیٰ کا ڈکلیریشن فارم**

وہ اراکین جن کے پاس شیئر سرٹیفکیٹس ہیں اپنے رجسٹرڈ پتے میں کسی تبدیلی سے، اگر قابلِ اطلاق ہو تو، ضرور آگاہ کریں اور اپنا زکوٰۃ کٹوتی سے استثنیٰ کا ڈکلیریشن فارم کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو جمع کروا دیں۔ سی ڈی سی / شراکت دار اکاؤنٹس سے بھی درخواست ہے وہ اپنے رجسٹرڈ پتے میں ہونے والی کسی بھی تبدیلی سے، اگر قابلِ اطلاق ہو تو، فوری طور پر آگاہ کریں اور اپنا کٹوتی سے استثنیٰ کا زکوٰۃ ڈکلیریشن فارم سی ڈی سی یا اُن کے شراکت دار / اسٹاک بروکرز کو جمع کروا دیں۔

**سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لئے رہنما اصول**

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز پر سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے درج ذیل رہنما اصولوں کی پاسداری کرنا لازمی ہے:

**الف۔ اجلاس میں شرکت کیلئے:**

(i) انفرادی حیثیت میں اکاؤنٹ ہولڈر(ز) یا سب اکاؤنٹ ہولڈر(ز) جن کی رجسٹریشن تفصیل سی ڈی سی ریگولیشن کے مطابق اپلوڈ کی جا رہی ہے کو اجلاس میں شرکت کے وقت شناخت کی تصدیق کیلئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(ii) کاروباری ادارے کی صورت میں میٹنگ میں شرکت کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی مصدقہ قرارداد / مختار نامہ، نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو تو) پیش کرنا ہوگا۔

**ب۔ نمائندوں کی تقرری کیلئے:**

(i) انفرادی حیثیت سے اکاؤنٹ ہولڈر(ز) یا سب اکاؤنٹ ہولڈر(ز) جن کی رجسٹریشن تفصیل سی ڈی سی ریگولیشن کے مطابق اپلوڈ کی جا رہی ہے کو درج بالا شرط کے مطابق اپنا پروکسی فارم میٹنگ منعقد ہونے سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کروانا ہوگا۔

(ii) پروکسی فارم دو افراد کی تصدیق کے ساتھ جمع کروایا جائے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبرز فارم میں درج ہوں۔

(iii) پروکسی فارم کے ساتھ فائدہ اُٹھانے والے مالکان اور نمائندے کے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول بھی پیش کرنا ہوں گی۔

(iv) اجلاس کے وقت نمائندے کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(v) کاروباری ادارے کی صورت میں میٹنگ میں شرکت کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختار نامہ کی مصدقہ نقل نامزد شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو تو پیش کرنا ہوگی۔

byco